# حمد ونعت

جناب ڈاکٹر سید رضا حسین رمزؔ
سفینہ اپارٹمنٹ، لکھنؤ

زمانے سے اچھے ہمارے محمدؐ — جو پیارے ہیں ان سب کے پیارے محمدؐ
بھنور میں پھنسی تھی خدا کی خدائی — نکل آئی تیرے سہارے محمدؐ

---

نہ دنیا میں بھائی جگہ کوئی مجھ کو — لگا دل کو اچھا دیارِ محمدؐ
کبھی گلشنِ پنجتنؑ دیکھ لو تم — اگر دیکھنا ہے بہارِ محمدؐ

---

گناہوں سے بوجھل ہوا جارہا ہے — مجھے میرا دل اب نہیں بھا رہا ہے
سفینہ محمدؐ کا جس نے بھی چھوڑا — وہ بحرِ تباہی بہا جارہا ہے

---

یہ گھر ہے پھر بھی مکاں نہیں ہے — وطن کہیں ہے یہاں نہیں ہے
بغور دنیا کو دیکھئے تو — وجود اس کا کہاں نہیں ہے
سکون دل کو ملے گا کیسے — ثنائے خالق جہاں نہیں ہے
شباب باقی ہے اب بھی دل میں — گو عمر اپنی جواں نہیں ہے
تجلّی موسیٰ تمہیں مبارک — خدا ہے دل میں وہاں نہیں ہے
کسی کی بولی ہو لاکھ کڑوی — ہمارے دل کو گراں نہیں ہے
ملا نہ اُس کا پتہ کہیں بھی — جہاں بھی ڈھونڈھا وہاں نہیں ہے
مجھے ہے نفرت یزیدیوں سے — فقط یہ آہ و فغاں نہیں ہے
کلام اپنا سنائیں کس کو — فہیم کوئی یہاں نہیں ہے
نبیؐ پہ مر مر کے جی رہا ہوں — یہ رمزؔ کس پر عیاں نہیں ہے